این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | 查看本文件的中文版
Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen | 이 문서를 한국어로 보기
Consulte este documento en español | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں | Перевод документа на русский язык

schools.nyc.gov/messagesforfamilies

مارچ 2025

یہ تازہ ترین معلومات، خاندانوں کو سمر رائزنگ 2025، سالانہ این وائی سی اسکول سروے، CEC انتخابات کے امیدواروں کا فورم، اور والدین-اساتذہ کانفرنسوں کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کرتی ہیں.

مندرجات

- انتخابات برائے تعلیمی کونسل
- والدین-اساتذہ کانفرنسز
- سمر رائزنگ کے لیے ابھی درخواست دیں
- 2025 نیویارک شہر اسکول سروے

سمر رائزنگ کے لیے ابھی درخواست دیں

سمر رائزنگ 2025 کے لیے درخواست **جمعہ، 28 مارچ، 2025** تک کھلی ہے۔ محکمہ برائے نوجوان اور برادری فروغ (DYCD) کی شراکت میں پیش کیے جانے والا سمر رائزنگ **بلامعاوضہ** ہے اور نیویارک شہر کے کسی بھی موجودہ طالب علم کے لیے کھلا ہے جو اس وقت کنڈرگارٹن سے 8 گریڈ میں ہے۔ یہ پروگرام تمام شرکت کرنے والوں کے لیے 2 جولائی سے شروع ہوگا اور پیر سے جمعہ، صبح 8:00 بجے تا شام 6:00 تک جاری رہے گا۔ گریڈز K–5 طلبا کے لیے پروگرامنگ 15 اگست کو ختم ہوگی اور گریڈز 6-8 کے طلبا کے لیے 8 اگست کو ختم ہوگی۔

طلباء کو بلامعاوضہ ناشتہ اور لنچ فراہم کیا جائے گا۔ پروگرامنگ میں NYCPS عملے کے زیرِ قیادت تعلیمی تدریس اور برادری پر مبنی تنظیموں (CBOs) کی زیرِ قیادت تقویتی سرگرمیاں شامل ہیں۔

درخواست دینے کے لیے اپنے مائی اسکولز اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، یا اپنا ای میل پتہ، اپنے بچے کا 9 اکائی طالب علم آئی ڈی نمبر اور مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کوڈ استعمال کرتے ہوئے اکاونٹ بنائیں، جو آپ اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرکے لے سکتے ہیں۔ خاندان جتنے چاہیں پروگرامز اپنی درخواست پر درج کرسکتے ہیں اور 28 مارچ کی آخری تاریخ تک کسی بھی وقت جتنی چاہیں تبدیلیاں کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا درخواست کے سلسلے میں مدد درکار ہے تو برائے مہربانی **schools.nyc.gov/SummerRising** پر جائیں، اپنے اسکول سے رابطہ کریں یا **summer@schools.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلباء

وہ طلباء جو **12 ماہ / توسیعی تعلیمی سال (ESY)**، خصوصی کلاس، نیسٹ (Nest) یا ہرائزن (Horizon) پروگراموں میں شرکت کرتے ہیں وہ ان کے IEP پر مجوزہ پروگرام اور خدمات کو ایک توسیعی تعلیمی سال (ESY)، ضلع 75 (D75) یا گرمیوں کے نیسٹ یا ہرائزن پروگرام کے مقام پر موصول کریں گے۔

وہ اہل خانہ جو سمر رائزنگ کے ذریعے IEP پروگرام **اور** CBO کے زیرِ قیادت توسیع دن تقویتی تعلیم میں شرکت کرنا چاہتے ہیں انہیں MySchools درخواست پورٹل استعمال کرنا ہو گا۔

اگرآپ کا بچہ صرف Nest یا Horizon پروگرامنگ (دوپہر 12:00 بجے تک)، D75 (دوپہر 2:30 بجے تک)، یا ESY پروگرامنگ (دوپہر 2:00 بجے تک) میں حصہ لے گا، تو آپ MySchools درخواست استعمال کرنے کے بجائے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

2025 نیویارک شہر اسکول سروے

2025 نیو یارک شہر اسکول سروے **جمعہ، 4 اپریل** تک مکمل کرنا نہ بھولیں! آپکی رازدارانہ رائے ہمارے اسکولوں کو یہ سمجھنے میں مدد دے گی کہ ان کے طلباء اور برادری کے اراکین اپنے تعلیمی ماحول، اساتذہ، نصاب، معاون خدمات اور دیگر پہلوؤں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور ان کی ضروریات کیا ہیں۔ اسکول کے قائدین اس رائے کو اپنے اسکولوں اور پروگراموں کی پیشکش کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

سروے کو دیکھنے اور مکمل کرنے کے لیے، اپنے مستند نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ **(NYCSA)** میں **schoolsaccount.nyc** پر لاگ ان کریں۔ آپ کو سروے کی ایک چھپی ہوئی نقل بھی موصول ہو گی جس میں سروے کو کاغذ پر یا آن لائن مکمل کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات ہوں گی۔ آپ 2025 نیو یارک اسکول سروے کے بارے میں مزید معلومات **nycschoolsurvey.org** پر حاصل کرسکتے ہیں اور سروے لے سکتے ہیں۔

کمیونٹی اور شہر گیر تعلیمی کونسل کے انتخابات 2025

2025 کمیونٹی اور شہر گیر تعلیمی کونسل (CCEC) کے انتخابات کے امیدواروں سے ملیں۔ **پیر، 3 مارچ** سے شروع، اپنے ضلع کے امیدواروں کے ورچوئل فورم میں شرکت کریں تاکہ آپ اپنی مقامی کمیونٹی تعلیمی کونسل یا اپنے شہر کی چار شہرگیر تعلیمی کونسلز میں سے ایک کے امیدواروں کے بارے میں جان سکیں۔ منتظرین کی فہرستوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/ CCEC** پر جائیں۔ تاریخوں، اوقات اور زُوم پر فورمز میں شرکت کے لیے رجسٹر کروانے کے لیے **schools.nyc.gov/Elections2025** پر جائیں۔

والدین - اساتذہ کانفرنسیں

مارچ میں والدین - اساتذہ کانفرنسوں (PTCs) کے لیے تیار ہوجائیں۔ والدین - اساتذہ کانفرنسز (PTCs) آپ کے بچے کی تدریسی،سماجی- ذہنی نشوونما کے بارے میں اساتذہ کے ساتھ براہِ راست بات کرنے اور یہ جاننے کا ایک بہترین موقع ہےکہ آپ کلاس روم سے باہر ان کی نشوونما میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں. تعلمی سال 25-2024 کے دوران کانفرنسوں کو ریموٹلی منعقد کیا جائے گا اور درخواست کرنے پر یہ کانفرنس ذاتی طور بھی ہو سکتی ہے۔ ترجمے اور ترجمانی کی خدمات بھی دستیاب ہیں ۔ اگر آپ کو یہ خدمات درکار ہیں تو برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول کو مطلع کریں۔

- **جمعرات، 6 مارچ:** ایلیمنٹری اسکولوں اور پری کنڈر گارٹن مراکز کے لیے دوپہر اور شام کی کانفرنسیں
- **جمعرات، 13 مارچ:** مڈل اور D-75 اسکولز کے لیے دوپہر اور شام کی کانفرنسیں
- **جمعرات، 20 مارچ:** ہائی اسکول طلباء، K-12 اور 6-12 اسکولوں کے لیے شام کی PTCs
- **جمعہ، 21 مارچ:** ہائی اسکولوں، K–12 اور 6-12 اسکولوں کے لیے والدین اساتذہ کی دوپہر کی PTCs

والدین- اساتذہ کانفرنس (PTC) کے بارے میں مزید رہنمائی کے لیے، برائے مہربانی **schools.nyc.gov/ptc** پر جائیں۔